بینک دولت پاکستان
شعبۂ ملکی بازار اور زری انتظام
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی–74000

ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 4 برائے 2019ء                    4 فروری 2019ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز،
تمام اسلامی بینک / اسلامی بینکاری برانچیں / اسلامی برانچوں کے حامل روایتی بینک

محترم / محترمہ،

## لازمی شرحِ سیالیت

براہِ کرم مذکورہ موضوع پر ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 5 بتاریخ 8 مارچ 2018ء اور بیع معجّل لین دین سے متعلق ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 17 بتاریخ 15 اکتوبر 2014ء ملاحظہ کریں۔

حکومتِ پاکستان کے اعلامیہ نمبر ایس آر او 30(1)/2019ء بتاریخ 9 جنوری 2019ء (ضمیمہ-اے) کی رُو سے بیع معجّل لین دین کے نتیجے میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ذمے ادائیگیاں بینکنگ کمپنیز آرڈیننس، 1962ء کی دفعہ 29 کی ذیلی دفعہ (1) کے مقصد کے لیے منظور شدہ سیکورٹی ہوں گی۔

اس موضوع پر دیگر تمام ہدایات کسی تبدیلی کے بغیر برقرار رہیں گی۔

آپ کا مخلص

(محمد امین خان لودھی)
ڈائریکٹر